سلسلہ ... کا ٹوٹنا۔

~~سوال: اسلام کیا ہے؟ اسلام کے نمایاں خصوصیات بیان کریں؟~~

~~جواب: اسلام کا لفظ عربی زبان کا لفظ ہے جس کا معنی ہے~~

سوال:۔ اسلام کیا ہے؟ ان کے نمایاں خصوصیات بیان کریں؟

جواب:۔ اسلام عربی زبان کا لفظ "سلم" سے نکلا ہے جس کا معنی ہے "امن اور سلامتی"

① **لغوی معنی:۔** اسلام کا لغوی معنی اطاعت کرنا، سپرد کرنا۔

"یعنی اسلام کا لغوی معنی ہے اپنے روزمرہ کے رسوم و رواج، شادی بیاہ، غمی خوشی وغیرہ کو اللہ تعالیٰ کے احکامات کے سپرد کرنا"

اس کا پرانا نام دین حنیف ہے یعنی توحید پرست، ایک خدا پر ایمان لانا۔

② **اصطلاحی معنی:۔** جب انسان پیدا ہوتا ہے تو ان کے کان میں اذان دی جاتی ہے جس کا ترجمہ ہے "اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، محمد ﷺ اللہ کے رسول ہے، آؤ نماز کی طرف، آؤ فلاح کی طرف، اللہ سب سے بڑا ہے" یا جب کوئی شخص مسلمان ہوتا ہے تو کلمہ پڑھ کے یہ اعلان کرتا ہے "کہ اللہ سے ہوتا ہے اللہ کے سوا کسی سے نہیں ہوتا" یہ یقین ان کے دل میں بیٹھ جاتا اور اس کے بعد ان کی زندگی اللہ کے احکامات اور رسول ﷺ کے دیے ہوئے طریقے پر چل کر دونوں جہاں کی کامیابی کا یقین اس کے دل میں بیٹھ جائے اور 24 گھنٹے کی زندگی اللہ کے احکامات کے مطابق گزارنا اور سپرد کر دینا ہی اسلام ہے

③ **اسلام نبی ﷺ کی نظر میں:۔** حضرت عمرؓ سے روایت ہے کہ ایک اجنبی شخص نے حضرت محمد ﷺ سے پوچھا اسلام کیا ہے؟ حضرت محمد ﷺ نے جواب دیا کہ اسلام دو چیزوں کا مجموعہ ہے۔ "اللہ اور رسول کی گواہی اور ارکان اسلام کی پابندی اور عمل کرنا"

دوسری حدیث میں آتا ہے "نماز مومن اور کافر میں فرق قائم کرتی ہیں"

④ **اسلام ڈاکٹر حمید اللہؒ کی نظر میں:۔** "اسلام ایک توحید پرست دین ہے جو پیغمبر محمد ﷺ کے ذریعے ہم تک پہنچایا گیا ہے"

Scanned with CamScanner

## (6) اسلام دیگر علماء کی نظر میں :-

← امام غزالی فرماتے ہے "اسلام دو چیزوں کا مجموعہ ہے حقوق اللہ اور حقوق العباد"

← صدر الدین اصلاحی اپنی کتاب "اسلام ایک نظر میں" لکھتے ہے " اسلام معتقدات اور عبادات کے مجموعے کا نام ہے "

← حضرت امام بخاریؒ اپنی کتاب بخاری شریف میں اسلام کا بنیادی عنصر عقیدہ کے متعلق نبی ﷺ کی حدیث روایت کرتا ہے

"انما الاعمال بالنیات" : "اعمال کا دار و مدار نیتوں پر ہے"

## (5) اسلام : آکسفورڈ ڈکشنری میں :-

اسلام تین چیزوں کے مجموعے کا نام ہے "خدا کی وحدانیت کا اقرار کرنا، ختم نبوت پر ایمان لانا اور اسلامی ثقافت پر عمل کرنا"

## (7) اسلام قرآن کی نظر میں :-

اللہ تعالیٰ قرآن مجید کے دوسرے سورۃ البقرۃ میں فرماتے ہیں

← "دین کے معاملے میں کوئی جبر نہیں، آج ہم نے ہدایت کو گمراہی سے جدا کر دی ہے"۔

یعنی اسلام ہدایت اور گمراہی کے درمیان حائل دیوار کا نام ہے

← سورۃ الکافرون میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہے

"تمہارے لئے تمہارا دین اور میرے لئے میرا دین"

ان تمام احادیث، قرآنی آیات اور علمائے کرام کی تشریحات سے: اسلام ایک عالمگیر دین ہے جو تمام انسانیت کیلئے بھیجا گیا ہے اور محمد ﷺ آخری رسول ہے اس کے بعد کوئی نبی یا رسول نہیں آئے گا۔ اسلام زندگی کے ہر پہلو کا احاطہ کرتا ہے چاہے وہ انفرادی ہو، اجتماعی ہو یا کاروباری، سماجی، معاشی، سیاسی، معاشرتی غرض ہر شعبے کیلئے مکمل کر دیا گیا۔ خطبہ حجۃ الوداع کے موقع پر آپ ﷺ نے فرمایا "اے لوگو! قیامت کے دن تم گواہ رہنا میں نے تمام دین آپ تک پہنچا دیا ہے اب غائبین تک پہنچانا تمہارا کام / سپرد ہے"
اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتے ہے۔
"وما اکملت لکم دینکم ٥" "اور میں نے تمہارے لئے تمہارا دین مکمل کر دیا ہے" سورۃ المائدہ
یعنی دین اسلام پوری انسانیت کیلئے ہے یہ کسی خاص نسل، علاقے، شعبے یا قوم کی ترجمانی نہیں کرتا بلکہ دین اسلام سے ہر نسل، قوم اور ہر شعبہ رہنمائی حاصل کر سکتا ہے۔

Scanned with CamScanner

# اسلام کی نمایاں خصوصیات :-

① **عقیدہ توحید :-** اسلام ایک الہامی دین ہے جو توحید کا درس دیتا ہے یعنی ایک خدا پر ایمان لانا اور اللہ سے ہونے کا یقین دل میں رکھنا۔

← کلمے کا پہلا جز ہمیں بتاتا ہے "لا الہ الا اللہ محمد" یعنی اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔

← سورۃ اخلاص میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں

قل اللہ احد اللہ الصمد لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ

ترجمہ :- "کہہ دیجئے اللہ ایک ہے وہ بے نیاز ہے اسکی کوئی اولاد نہیں نہ وہ کسی کی اولاد ہے اور نہیں ہے اسکا کوئی ہمسر"

توحید اسلام کا بنیادی ستون ہے۔ اور توحید پر ایمان نہ لانا شرک ہے اللہ تعالیٰ قرآن میں فرماتے ہے "اور شرک کرنے والا بڑا ظالم ہے اور ان کیلئے بہت دردناک عذاب ہے" (النساء)۔

اللہ تعالیٰ قرآن کے پہلے سورۃ الفاتحہ میں فرماتے ہے اور مسلمان دن میں کئی بار نماز میں دہراتا ہے "ایاک نعبد و ایاک نستعین" ترجمہ :- "اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں"

ایک حدیث میں آتا ہے "اسلام ایک عظیم الشان قلعے کی مانند ہے اور توحید اسکا دروازہ ہے"

علامہ شبلی نعمانی سیرۃ النبوی میں فرماتے ہے "توحید اسلام کا پہلا سبق ہے"

② **رسالت :-** رسالت یا عقیدہ ختم نبوت کے سوا کوئی شخص مسلمان نہیں ہو سکتا۔ پہلے کلمے کا دوسرا جز میں ہم یہ شہادت دیتے ہیں کہ محمد رسول ﷺ ہمارے نبی اور آخری رسول ہے۔ سورۃ احزاب میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

"محمد تم میں سے کسی کے باپ نہیں وہ خاتم النبین ہے"

محمد کی زندگی ہمارے لئے قانون کا درجہ رکھتی ہے سورۃ النجم میں اللہ فرماتے ہے

"نبی خود سے کوئی بات نہیں کرتا جس کا اسے حکم دیا گیا ہو"

دوسری جگہ نبی ﷺ خود فرماتے ہے "بے شک میں تمام انسانیت کیلئے معلم بنا کر بھیجا گیا ہوں"

آخری رسول دو جہاں ہمارے لئے اخلاق کا بہترین نمونہ ہے وہ خود فرماتے ہے

"مجھے بہترین اخلاق کے اعلیٰ درجے پر فائز کیا گیا ہے"

③ **مکمل ضابطہ حیات :-** اسلام مکمل ضابطہ حیات ہے اسلام انفرادی زندگی سے لے کر اجتماعی زندگی تک، سیاسی نظام، معاشی، معاشرتی نظام پر اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ہر چیز ذکر کیا ہے فرماتے ہیں "اور ہم نے تمہارے لئے تمہارا دین مکمل کر دیا گیا ہے۔" نبی ﷺ نے خطبہ حجۃ الوداع کے موقع پر فرمایا "تین دفعہ انگلی شہادت

Scanned with CamScanner

اور فرمایا " اے لوگوں گواہ رہنا میں تمہارا دین تم تک پہنچا دیا ہے اب غائبین تک پہنچانا آپ کا کام ہے "

قرآن کی اس آیات اور حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ دین اسلام مکمل ہے اس میں کسی قسم کی گنجائش نہیں جو زندگی کے کسی بھی پہلو کا احاطہ نہ کرتا ہو۔

④ **انفرادی زندگی** :- اسلام انفرادی زندگی کا بھی احاطہ کرتا ہے۔ انسان کے پیدائش سے لے کر یعنی ماں کی گود سے لے کر نماز جنازہ یعنی گور تک تمام پہلو قابل ذکر ہے۔

← حدیث میں آتا ہے "تعلیم ہر مسلمان عورت اور مرد پر فرض ہے"

← " بہترین مسلمان وہ ہے جو سیکھے اور سکھائے "

← "عالم کی سیاہی شہید کے خون سے افضل ہے"

⑤ **ذریعہ معاش** :- اسلام ہمیں سکھاتا ہے کہ تجارت کیسے کرنی ہے ان کے اصول کیا ہے؟ حرام اور حلال کیا ہے، مزدور کے کیا حقوق ہے، سود کیا ہے؟ اور کیوں حرام ہے یعنی معاش ہر وہ ذریعہ جو نبی کے طریقے کے مطابق ہو وہ تجارت کے ساتھ ساتھ عبادت بھی ہے

← حدیث : "مزدور کے پسینہ خشک ہونے سے پہلے اسکی اجرت ادا کرو"

← "حلال رزق بھی عین عبادت ہے"

⑥ **خاندانی زندگی** :- اسلام ہمیں بتاتا ہے کہ والدین کے کیا حقوق ہے، اولاد کے کیا حقوق ہے، میاں بیوی کے حقوق وغیرہ

حدیث قدسی ہے " ہلاک ہو وہ شخص جس کے والدین بڑھاپے تک پہنچ جائے اور اسے اپنی مغفرت کا ذریعہ نہ بنائے "

خطبہ حجۃ الوداع کے موقع پر ﷺ محمد نے فرمایا "عورتوں کے حقوق کے بارے میں اللہ سے ڈرتے رہنا"

دوسری حدیث میں ہے "ماں کے قدموں تلے جنت ہے اور باپ جنت کا دروازہ ہے"

⑦ **اجتماعی زندگی** :- اسلام ہمیں سکھاتا ہے کہ ہمسایوں کے کیا حقوق ہے، ہماری سیاسی زندگی، معاشی نظام، معاشرتی نظام، بین الاقوامی تعلقات کیسا ہونے چاہیے۔

حدیث :- جو شخص نماز روزہ وغیرہ مکمل کرتا ہے لیکن ہمسایوں کے حقوق پورے نہیں کرتا وہ جہنمی ہے

" جو شخص رشتہ داروں سے قطع رحمی کرتا ہے وہ ہم میں سے نہیں ہے "

سود کو اللہ تعالیٰ نے اپنے خلاف اعلان جنگ قرار دیا ہے۔ اسلام ہمیں خلافت کا نظام دیتا ہے۔ حضرت عمرؓ فرماتے ہیں "اگر دجلہ کے کنارے ایک کتا بھی پیاسا مر جائے ان کا حساب بھی عمرؓ سے لیا جائے گا"

⑧ **امن اور عالم کا درس:-** اسلام امن اور سلامتی کا درس دیتا ہے۔ قرآن میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں "اللہ فساد کو پسند نہیں کرتا"
"جو لوگ زمین پر فساد برپا کرتے ہیں ان کیلئے دردناک عذاب ہے"

⑨ **مساوات:-** اسلام ہمیں مساوات کا درس دیتا ہے۔ خطبہ حجۃ الوداع کے موقع پر نبی ﷺ نے فرمایا "کسی عربی کو عجمی پر کسی کالے کو گورے پر اور کسی غریب کو امیر پر کوئی فوقیت حاصل نہیں سوائے تقویٰ کے"
قرآن میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں
"بے شک تم سے عزت والا وہ ہے جو تقویٰ والا ہو"

⑩ **انسانیت کی فلاح:-** اسلام انفرادی طور پر اور ایک فلاحی ریاست کا درس دیتا ہے جس میں غیر مسلموں (ذمی) کے حقوق مسلمانوں سے زیادہ بیان کیے گئے ہیں۔ حضرت ابوبکرؓ سے کسی نے سوال کیا اگر خلیفہ وقت کی تنخواہ سے گزر بسر نہ ہو تو اسے کیا کرنا چاہیے "آپؓ نے فرمایا" اسلام میں خلیفہ وقت اور مزدور کی تنخواہ/اجرت برابر ہے اگر میرا گزارا مشکل ہو جائے تو میں مزدور کی اجرت بڑھا دوں گا"

⑪ **بعد الموت کا تصور:-** اسلام موت کے بعد نہ ختم ہونے والی زندگی کا تصور دیتا ہے یعنی جنت اور جہنم کا تصور بھی دیتا ہے۔ اسی عقیدہ آخرت کہتے ہیں اس کے بغیر ایمان کامل نہیں۔ سورۃ رحمن میں جنت، دوزخ، جہنم اور اس کے گڑھوں کا ذکر کیا ہے۔

⑫ **سکون قلب کا ذریعہ:-** اللہ تعالیٰ قرآن میں فرماتے ہیں۔
الا بذکر اللہ تطمئن القلوب ہ "ہم نے اللہ کے ذکر کو سکون قلب کا ذریعہ بنایا ہے"

⑬ **انسانی حقوق:-** حدیث: "تم میں سے بہترین ایمان والے وہ ہیں جو اخلاق کے اچھے ہوں" یعنی اسلام ہمیں اپنے دوستوں، رشتہ داروں، محلہ داروں

Scanned with CamScanner

یہ اخلاق ہمیں سکھانے کا درس دیتا ہے بلکہ ایمان کا جز سمجھتے ہے

نبی ﷺ نے خطبہ حجۃ الوداع کے موقع پر فرمایا "کسی عربی کو عجمی پر کوئی فوقیت حاصل نہیں سوائے تقویٰ کے"

(14) **جانوروں کے حقوق :-** اسلام ہمیں جانوروں کے حقوق کا خیال رکھنے کی بھی تلقین کرتا ہے۔ ایک دن نبی ﷺ نے ایک بدوی کی سرزنش کی کیونکہ اس کا اونٹ پیاسا تھا۔

(15) **ماحولی تحفظ :-** نبی ﷺ حالت جنگ میں درخت کو نقصان یا کاٹنے سے منع فرماتے تھے۔ نبی ﷺ فرماتے ہیں "پانی کو ضائع نہ کرو چاہے تم بہتے دریا کے کنارے کیوں نہ بیٹھے ہو"۔
دوسری جگہ فرماتے ہیں "سرسبز درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے"

⟷